HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL



# TAKAFUL NISA SAVINGS PLUS PLAN

*Hemayah - Aap ki khushiyon ka saibaan!*

## Take Charge of Your Finances:

Financial Planning is as important for women as it is for men. Traditionally, women have been more concerned about savings, as compared to their male counterparts.

When it comes to finances, women are more likely to think long-term and worry about saving money for their future needs. This, to a large extent, has extended to their discerning attitude towards takaful as well.

From managing the day-to-day finances to preparing for future fifinancial well-being, as a woman, you have to consider it all. Whether you are a homemaker or a professional, at whichever stage of your life, it is essential to make a timely investment for yourself and your family's future.

That is why you would be pleased to discover a Takaful life coverage that brings together individuals of the community for a common purpose and contribute into Waqf Fund operated by a Takaful Operator to protect and support each other financially.

## EFU Takaful Nisa Savings Plus Plan:



EFU Hemayah Takaful brings you Takaful Nisa Savings Plus Plan which is an investment-linked takaful product and it provides guaranteed fifinancial security and family Takaful protection that helps you accumulate a fund for your future fifinancial needs, the shariah compliant way. In addition, the plan comes with unique built-in female critical illness protection which provides for an additional lump sum benefit if you are diagnosed with one of the covered female cancers or female-specific illnesses.

## Disclosure of Product:

**This is a Family takaful product which has two distinct elements i.e., Protection and Investment. The Investment Component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## Free Look Period:

**If you decide to cancel your membership within fourteen days of receiving the membership document, you are entitled for a full refund of Contribution as a benefit less any expenses incurred by EFU Life - WTO in connection with our medical or clinical examinations.**


## What is Takaful?

Takaful is a Shariah compliant way of safeguarding yourself and your family against future financial losses. Individuals in the community come together for a common purpose and contribute into a Waqf Fund operated by a Takaful Operator to protect themselves against future financial losses. A family Takaful Plan assists participants to share their risk on the basis of cooperation, brotherhood, mutuality and solidarity for a common good.

## How does Takaful Membership operate?

Hemayah Takaful Savings Plan can be easily customized to suit your specific needs. You can decide on the level of Takaful protection and investment which is in line with your long-term financial planning goals.

The following pictorial representation summarizes how your Takaful membership will operate with EFU Life-WTO:



## Opportunity For Growth – Shariah Compliant Investments:

Your contributions to the Participant's Investment Account (PIA) will be invested in Shariah Compliant Unit Linked funds selected at the inception of the policy. The funds available are:

All available funds are categorized with their risk profiling as per the investment criteria.

| Funds | | |
|---|---|---|
| **EFU Takaful Growth Fund** | **EFU Takaful Conservative Fund*** | **EFU Takaful Aggressive Fund** |
| **Fund Categorization: Balanced** | **Fund Categorization: Income Fund** | **Fund Categorization: Aggressive** |
| **Risk Profile: Medium** | **Risk Profile: Low** | **Risk Profile: High** |
| A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-Compliant investments. The objective of the fund is to maximize capital growth by investing in a portfolio spread across a wide range of investments such as Islamic mutual funds, approved equities, term deposits in Islamic Banks, and Sukuk Bonds. | EFU Takaful Conservative Fund has a conservative investment allocation strategy and low risk. This is a unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-compliant government securities, non-equity Shariah compiant mutual funds, Shariah-compliant short-term deposits, and cash in Islamic banks or Islamic windows of conventional banks. The fund aims to provide stable investment returns with minimal risk and is suitable in times of the volatile stock market. | A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-Compliant investments, aimed at maximizing capital growth by using investments with an aggressive market outlook. |

## Multiple Fund Option:

Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Fund mix can be selected in multiples of 10%.

*EFU Takaful Conservative Fund to be selected by default.

## Surplus Sharing – A Unique Feature Of Takaful:

Takaful offers a unique feature of surplus sharing to the participants, in addition to risk mitigation benefits. By contributing Tabarru (donation) into the participant's Takaful fund (PTF), the participant may be entitled to a share of possible surplus funds. At the end of each year, EFU Hemayah Takaful will determine the surplus in the PTF based on the method approved by the Shariah Advisor and Appointed Actuary.


A part of the surplus may be distributed back to you in the form of Bonus Units through additional unit allocation in your PIA. These bonus units will enhance the cash value of your Takaful Plan.

## Fund Acceleration Contribution:

In case the participant has extra funds available, the plan provides flexibility to invest these to provide a boost to savings. These lump-sum contributions are called Fund Acceleration Contributions (FAC) and can be paid anytime while the policy is in force. Units against the FAC will be credited to the PIA.The minimum FAC contribution is Rs. 30,000.

## The Safety-net:

To enjoy guaranteed level of protection this plan offers you the safety net option of takaful benefits to protect your dependents from getting into financial trouble. On the Participant's death during the membership term, the benefit paid will be:



The Sum at Risk and surplus (if any) from Participants' Takaful Fund

**PLUS**

The Basic Cash Value of Participant's investment Account (PIA)

**PLUS**

The Cash Value of Fund Acceleration Contributions in the Participant's Investment Account (PIA)

Depending on the current stage of your life and your need for protection the plan offers you the facility of selecting a low to a high level of the sum covered at the inception with the flexibility to alter this level as your circumstances change. For more details, refer to the "Sum Covered" section later.

## Inflation Protection:

This option gives you the security and peace of mind of knowing that the benefits provided by your plan will be automatically updated in line with inflation every year regardless of your health.

Once you select this option, the contribution will increase every year by 5% of the prior year's contribution. Similarly, the Sum Covered will increase in the same proportion. Furthermore, the Sum Covered of the LifeCare Female Benefit (explained below) will also increase in the same proportion as the main plan Sum Covered subject to underwriting conditions.

However, you can opt to increase only the contribution while keeping the Sum Covered at the initial level. Sum Covered indexation is only available until age 55, provided you were accepted on standard terms initially.



## Takaful Lifecare Female Benefit (Built-in):

LifeCare female benefit provides you with a lump-sum in case of occurrence of any covered women centric critical illness (including women specific cancers). On diagnosis of any such covered critical illness, the participant will be entitled to an additional benefit subject to the attached endorsement and the main plan policy terms and conditions.

Coverage is provided for female organ cancers such as breast, uterus, cervix uteri, ovary, fallopian tube, vagina and vulva. In addition, severe osteoporosis and rheumatoid arthritis are also covered.

Coverage is provided when age at entry of the life assured is not greater than 50 years next birthday. Coverage continues until the life assured reaches the age of 60 Years.

## Additional Benefits:

Various additional benefits are available which may be attached to the basic plan to enhance your coverage level.

### Additional Term Takaful:

The plan has a built-in guaranteed level of life cover which depends on the age at the commencement of the plan. However, in many circumstances, such as having many family dependents or young children, you may feel that the Basic Plan sum covered would not provide sufficient fifinancial protection in the unfortunate event of your death.

The Additional Term Takaful Benefit enables you to increase the level of life cover.

### Takaful Accidental Death and Disability Benefit:*

If death or disability occurs as a result of an accident, you can get covered for an additional amount which will be 50% to 200% of the Basic Plan sum covered.

### Takaful Accidental Death and Disability Benefit Plus:*

Accidental Death and Disability Benefit Plus provides you with an extra layer of takaful protection. In addition to the aforementioned accidental benefits, if you suffer an accidental injury leading to Permanent Total Disability, an additional sum covered chosen under this benefit will be paid as a lump-sum. Permanent Total Disability in this context means an inability to engage in any occupation for which you are reasonably qualified by education, training, or experience.

### Takaful Family Income Benefit:

In addition to the lump sum payable on death, your dependents may also require a regular monthly income to maintain a decent lifestyle. This additional benefit will provide a monthly income of either 1% or 2% of Basic Plan Sum Covered payable for the remaining term of the plan, subject to a maximum age of 70.

### Takaful Waiver Of Contribution Benefit:

If you are unable to follow any occupation for at least six months due to sickness or accident, the present contribution to the plan will be paid in full by EFU Hemayah Takaful from the next due date. The benefit will continue until you return to work or your 60th birthday, whichever comes earlier. This means that whether or not you continue to enjoy good health, your fifinancial planning will succeed.
***Note: only one accidental death rider may be selected at a time.**

## Access To Your Savings - Complete and Partial Surrender:

Nobody can predict the future. If your circumstances change and you require funds during the Membership Term, you can encash your Plan for the total cash value in the PIA at any time after the second year's regular contribution payment. WTO will charge another Wakalat-ul-Istismar fee which would be equivalent to 50% of cash value at the time of surrender before payment of two full-year contribution.

Alternatively, you may just want a small portion of the capital you have built up; the Plan gives you the facility to make a partial withdrawal at any time whilst continuing to make contributions and keeping the plan in force. Please note that this facility is subject to a minimum of Rs. 30,000 remaining as Basic Cash value after such withdrawals.

## Important Details - Eligibility For The Main Plan:

### Age:

The minimum age at entry of the membership is 18 years next birthday and the maximum age at entry is 55 years.

### Term:

The term of the Plan is 10 to 25 years, subject to the maximum age of 65 years at the time of maturity.

### Regular Contribution Limit:

The minimum regular contribution for Basic Plan is PKR 30,000 per annum.

## Unit Allocation:

The proportion of Basic Plan regular contribution allocated to investment is as follows:

| Policy Year | Unit Allocation % | Allocation Charges * |
|---|---|---|
| 1 | 40% | 60% |
| 2 | 65% | 35% |
| 3 | 90% | 10% |
| 4 to 5 | 100% | 0% |
| 6 to 10 | 103% | 0% |
| 11 and onwards | 105% | 0% |

100% of FAC payments are allocated to purchase units in the selected fund.

***An allocation Charges will be deducted from the Paid Contribution every year as per the above table and the remainder will be allocated to the PIA.**

## Charges:

The following charges shall be applied to the Takaful Nisa Savings Plus Plan based on Wakalat-ul-istismar.

| Charges | Rate / PKR |
|---|---|
| Administration Charge | Rs.150 per month |
| Investment Management Charges | 0.125 % of the net contribution per month |
| Bid/Offer Spread | 5% of the net contribution |
| Allocation charges | As per the above Unit Allocation table |
| Takaful Donation (Waqf Donation) | An age - basedTakaful Donation applies for the Takaful cover each year and is dependent on the sum at risk. No Takaful Donation charges applies in years where cash value exceeds sum covered. |

**Wakahlah charges: 50% of the Takaful donation.**

## Sum Covered:

This is the guaranteed amount payable on death. The Sum Covered may be selected from a range depending on the age at entry. The Sum Covered is determined as the basic annual contribution times the "Protection Multiple" which can be selected from the following table:

| Effective Age | Protective Multiple* | |
|---|---|---|
| | Minimum | Maximum |
| 18-35 | 5 | 90 |
| 36-40 | 5 | 70 |
| 41-45 | 5 | 50 |
| 46-49 | 5 | 35 |
| 50-55 | 5 | (70-AGE) |

## Disclaimer:

- This brochure gives a general outline of Takaful Nisa Savings Plus Plan.
- This product is underwritten by EFU Life – Window Takaful Operations, hence EFU Life is responsible for all underwriting risk.
- Arrangement of all Takaful Claims, charges, and payments relating to the Takaful Policies shall be the sole and exclusive responsibility of EFU Life-WTO.
- The past performance of a fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and EFU Life-WTO will not incur any liability for the same.
- The investment risk of the selected Fund shall be borne by the participant.
- A description of how the contract works is given in the Participant's Membership Document.
- Please contact our Head Office or Takaful Consultant for a personalized illustration of benefits.

EFU LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم الله الرحمن الرحيم

# CERTIFICATE OF SHARIAH COMPLIANCE

## FOR EFU LIFE ASSURANCE LTD – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, I certify that I have reviewed the structure of **TAKAFUL NISA SAVING PLUS PLAN** which is based on the Wakalah-Waqf Takaful model. I have also examined all relevant processes and documents including the Participant's Membership Document. In addition, I have reviewed in detail the investments with regard to all Takaful Funds.

Based on Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, **TAKAFUL NISA SAVING PLUS PLAN** of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, investments of all Takaful Funds and processes are compliant as per Shariah.

In my opinion, it is permissible from the Shariah point of view to obtain Membership in this product and benefit from it.

And Allah Knows Best.

**Mufti Muhammad Ibrahim Essa**
**Shariah Advisor**

مُفتی
مُحمد ابراھیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

Date: 25th March, 2022

**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Fax: (021) 3453-7519 Email: csd@efuhemayahtakaful.com

ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز



# تکافل نساء سیونگز پلس پلان

حمایہ۔آپ کی خوشیوں کا سائبان

## اپنی مالیات کا انتظام سنبھالئے:

مالی منصوبہ بندی خواتین کیلئے اتنی ہی اہم ہے جتنی مردوں کیلئے۔ روایتی طور پر بچت کے معاملے میں خواتین اپنے ہم رتبہ مردوں کے مقابلے میں زیادہ فکرمند ہوتی ہیں۔ جب بات مالی معاملات کی ہو، مستقبل کی ضروریات کیلئے خواتین طویل المدّت سوچ رکھتی ہیں اور مستقبل میں پیش آنے والی ضروریات کے لئے پیسہ بچانے کی فکر رکھتی ہیں۔ اسی فکر و سوچ نے بہت حد تک زندگی بیمہ/ تکافل کی جانب ان کے دانشمندانہ رویّے میں اضافہ کیا ہے۔

روز مرّہ کی مالیات کے انتظام سے لے کر مستقبل کی مالی بہتری کیلئے تیاری کرنے کیلئے بحثیت خاتون آپ کو ان سب پر توجہ دینی ہے۔ خواہ آپ گھریلو خاتون ہوں یا کسی پیشے سے تعلق رکھتی ہوں، اپنی زندگی کے کسی بھی مقام پر خود اپنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کیلئے بروقت سرمایہ کاری کرنا اہمیت رکھتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ آپ کو ایک ایسی فیملی تکافل پالیسی دریافت کرنے میں خوشی محسوس ہوگی جس کا مقصد باہمی مفاد کیلئے کمیونٹی کے افراد کو یکجا کرنا ہے اور ایک دوسرے کی مالی معاونت اور تحفظ کیلئے ایک طرف وقف فنڈ امدادِ باہمی کے طور رقم جمع کرانا ہے جبکہ دوسری طرف انوسٹمنٹ فنڈ میں سرمایہ کاری کرنا ہے۔



## ای ایف یو تکافل نساء سیونگز پلس پلان:

ای ایف یو حمایہ تکافل آپ کے لئے پیش کرتا ہے تکافل نساء سیونگز پلس پلان جو کہ ایک تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے اور یہ آپ کو مالی تحفظ کی ضمانت کے ساتھ سرمایہ کاری کا موقع بھی فراہم کرتا ہے جو شرعی تقاضوں کے مطابق آپ کی مستقبل کی مالی ضروریات کیلئے ایک فنڈ جمع کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کے علاوہ، پلان میں خواتین سے متعلق شدید بیماری کیلئے ایک منفرد خود کار تحفظ شامل ہے جو ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔ سرطان میں سے کسی ایک یا خواتین سے مخصوص بیماریوں کی تشخیص ہونے پر یکمشت فائدہ قابل ادا ہوگا۔

## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس فیملی تکافل پروڈکٹ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے۔**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ):


**اگر آپ میمبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہین تو ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹریبیوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی۔**

## تکافل کیا ہے؟

تکافل دراصل شرعی تقاضوں کے تحت مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے آپ کو اور آپ کی فیملی کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ کمیونٹی کے افراد مشترکہ مقاصد کیلئے یکجا ہوتے ہیں اور مستقبل میں ہونے والے نقصانات سے خود کو محفوظ رکھنے کیلئے وقف فنڈ میں بطور تبرع رقم جمع کراتے ہیں جو کہ تکافل آپریٹر کے تحت فعال ہے۔ فیملی تکافل پلان باہمی تعاون، بھائی چارہ اور یکجہتی کی بنیاد پر شرکاء کی مشترکہ مقاصد کیلئے معاونت کرتا ہے۔

## تکافل ممبر شپ کس طرح عملدر آمد ہوتی ہے؟

حمایہ تکافل سیونگز پلان آپ کی مخصوص ضروریات کے مطابق منتخب کیا جا سکتا ہے۔ آپ تکافل پروٹیکشن کا فیصلہ مطلوبہ ضرورت اور سرمایہ کاری کی بنیاد پر کر سکتے ہیں جو آپ کی طویل المدت مالی اہداف کے حصول پر پورا اترتی ہو۔ درج ذیل تصویری خاکے میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ تکافل ممبر شپ کس طرح EFU لائف۔ WTO کے ساتھ آپریٹ ہوتی ہے:



## سرمائے کی نشوونما کیلئے موقع۔شرعی تقاضوں کے تحت سرمایہ کاری:

پارٹیسپنٹ کے انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں آپ کی سرمایہ کاری شرعی تقاضوں کے تحت یونٹ سے منسلکہ فنڈز میں کی جائے گی جس کا انتخاب پالیسی کے آغاز میں کیا گیا تھا۔ دستیاب فنڈز میں درج ذیل موجود ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے ۔

| فنڈ | | |
|---|---|---|
| ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ | ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ* | ای ایف یو تکافل ایگریسو فنڈ |
| فنڈ کی قسم: متوازن | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ | فنڈ کی قسم: ایگریسو |
| رسک پروفائل: درمیانی | رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: زیادہ |
| یہ یونٹ سے منسلک ایک شرکاء تکافل سرمایہ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔فنڈ کا مقصد ایک پورٹ فولیو کے پھیلاؤ میں سرمایہ کاریوں کی ایک وسیع رینج میں جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوئٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی اسکیموں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ | ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعت کے مطابق حکومتی سیکیوریٹیز، شریعت کے مطابق غیر ایکوٹی میوچل فنڈز، شریعت کے مطابق قلیل المدت ڈپازٹس، اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کی اسلامک ونڈوز میں دی جانے والی خدمات میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک شرک تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔ | یہ یونٹ سے منسلک شرکاء تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ |

## مختلف فنڈ کا انتخاب (ملٹیپل فنڈ آپشن):

اس آپشن کے تحت آپ پلان کے یونٹ سے منسلکہ 2 فنڈز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ان فنڈز کا 10 فیصد کے ملٹیپلز میں انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## سرپلس شیئرنگ۔تکافل کی ایک منفرد خصوصیت:

تکافل خطرات کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ شراکت داروں کو سرمائے کی شراکت داری کی منفرد خصوصیات بھی پیش کرتا ہے۔پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں بطور تبرّع رقم جمع کروا کر ممکنہ سرپلس کے حصے کا حقدار ہوسکتا ہے۔ ہر سال کے اختتام پر ای ایف یو حمایہ تکافل پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں موجودہ رقم کا تعین کرے گی جو کہ شریعہ ایڈوائزر اور تقرر شدہ ایکچو ری کی جانب سے منظوری کی بنیاد پر ہو گا۔

سرمائے کا ایک حصہ آپ کے پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں اضافی یونٹ ایلوکیشن کے ذریعے بونس یونٹس کی صورت میں آپ کو واپس تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ یہ بونس یونٹس آپ کے تکافل پلان کی کیش ویلیو میں اضافہ کریں گے۔

## فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشن:

اگر پارٹیسپنٹ کے پاس اضافی فنڈز دستیاب ہیں تو ایسی صورت میں بچت میں اضافہ کیلئے یہ پلان ان اضافی فنڈز کی سرمایہ کاری کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ایسے مجموعی کنٹری بیوشنز کو فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز (ایف اے سی) کہا جاتا ہے اور پالیسی کے نفاذ کے دوران کسی بھی وقت ادا کیا جا سکتا ہے۔ایف اے سی کی مد میں یونٹس کو پی آئی اے میں کریڈٹ کیا جائے گا۔ایف اے سی کا کم سے کم کنٹری بیوشن 30,000 روپے ہو گا۔

## حفاظتی حصار سرمایہ کاری کے ساتھ:

تحفظ کے ضمانت شدہ درجے سے لطف اندوز ہونے کیلئے یہ پلان آپ پر انحصار کرنے والوں کو کسی مالی مشکل سے محفوظ رکھنے کیلئے تکافل بینیفٹ کی مد میں آپ کو سیفٹی نیٹ کا اختیار پیش کرتا ہے۔ممبر شپ کی مدت کے دوران پارٹیسپنٹ کی وفات کی صورت میں ادا کیا جانے والا بینیفٹ یہ ہو گا:

ضمانت شدہ رقم (سم کورڈ) جمع سرپلس

اور

پارٹیسپنٹ انوسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) کی بنیادی نقد مالیت

اور

پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشنز کی نقد مالیت

آپ کی زندگی کی موجودہ صورت حال پر انحصار اور آپ کے تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے، یہ پلان آپ کو آغاز ہی پر زرِ تکافل کا کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ درجہ منتخب کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے اس سہولت کے ساتھ کہ آپ اپنے حالات کے تغیر کی صورت میں اس درجے کو تبدیل کر سکیں۔ مزید تفصیلات کے لئے ''سم کورڈ'' کا سیکشن ملاحظہ کریں۔



## افراطِ زر سے تحفّظ:

اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے آپ کو تحفّظ اور ذہنی اطمینان رہتا ہے کہ آپ اس پلان سے حاصل فوائد کو آپ کی صحت سے قطع نظر، افراطِ زر کے استحکام کیلئے ہر سال از خود طور پر بڑھا دیا جاتا ہے۔

اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے ہر سال آپ کے ہر کنٹری بیوشن کو سابقہ سال کے کنٹری بیوشن سے 5 فیصد بڑھا دیا جائے گا۔ اسی طرح، زرِ تکافل میں بھی اسی تناسب سے اضافہ ہو جائے گا۔ مزید برآں، خود ساختہ لائف کیئر فیمیل فائدے کا زرِ تکافل بھی (تفصیل ذیل میں درج ہے) اسی تناسب سے بڑھ جائے گا جیسا کہ اصل پلان کا زرِ تکافل ہے جو انڈر رائٹنگ کی شرائط سے مشروط ہے۔

تاہم، آپ زرِ تکافل کو ابتدائی درجے پر رکھتے ہوئے صرف کنٹری بیوشن میں اضافہ کرنے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔ زرِ تکافل کی انڈیکسیشن صرف 55 سال کی عمر تک دستیاب ہے، بشرطیکہ آپ کو ابتدائی طور پر اسٹینڈرڈ شرائط پر قبول کیا گیا ہو۔

## تکافل لائف کیئر فیمیل بینیفٹ (بلٹ۔ان):

لائف کیئر فیمیل فائدہ آپ کو خواتین سے متعلق کسی بھی تحفظ شدہ تشویش ناک بیماری کے پیدا ہونے کی صورت میں (بشمول خواتین سے مخصوص سرطان) ایک یک مشت رقم فراہم کرتا ہے۔ ایسی کسی کورڈ بیماری کی تشخیص پر، شریکِ تکافل منسلکہ تجدید اور اصل پلان کی پالیسی کے شرائط وضوابط سے مشروط ایک اضافی فائدے کا اہل ہوگا۔

یہ تحفظ نسوانی عضو کے سرطان کے لئے فراہم کیا جاتا ہے جیسے کہ چھاتی، رحم، رحم کی گردن، بیضہ دانی، بیضہ نالی، اندام نہانی۔ اسکے علاوہ شدید نوعیت کا ہڈیوں کا بھر بھرا ہو جانا اور گھٹیا کی سوزش بھی تحفّظ میں شامل ہیں۔

کوریج کے لیئے بیمہ شدہ کی عمر 50 سال سے زیادہ نہ ہو۔ یہ کوریج 60 سال کی عمر تک جاری رہتی ہے۔

## اضافی فوائد:

اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مختلف اضافی فوائد آپ کو حاصل ہو سکتے ہیں جو آپ کے تحفّظ کے درجے کو بڑھانے کیلئے بنیادی پلان کے ساتھ منسلک کئے جا سکتے ہیں۔

## ایڈیشنل ٹرم تکافل:

آپ کے پلان میں ایک ضمانتی رقم سم کورڈ/ زرِ تحفظ کی شکل میں موجود ہوتی ہے جو پلان کے آغاز پر آپ کی عمر پر منحصر ہوتی ہے۔ البتہ زندگی کے چند حالات جیسے کہ آپ کے زیر سرپرست افراد یا چھوٹے بچوں کی تعداد زیادہ ہو اور آپ کو محسوس ہو کہ آپ کی وفات کی صورت میں زرِ تحفظ کی رقم مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے کے لئے کم ہو سکتی ہے اور آپ کے زیر سرپرست افراد کو مناسب مالی تحفظ فراہم نہیں کر سکتی۔

ایڈیشنل ٹرم تکافل بینیفٹ آپ کے تحفظ کے درجے کو بڑھانے میں معاون و مددگار رہو گا۔

## تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی بینیفٹ:*

کسی حادثے کے باعث اگر وفات یا معذوری ہوتی ہے تو آپ ایک اضافی رقم کا تحفّظ حاصل کر سکتے ہیں جو کہ بنیادی سم کورڈ کا 50 سے 200 فیصد تک ہوگا۔

### تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی بینیفٹ پلس :*

حادثاتی وفات اور معذوری کے لئے دیا گیا اضافی فائدہ آپ کو تکافل تحفّظ کی ایک اضافی تہہ فراہم کرتا ہے۔ درج بالا حادثاتی فوائد کے علاوہ، اگر آپ کسی ایسی حادثاتی چوٹ کا شکار ہوتے ہیں جو مستقل مکمل معذوری کا سبب بن جائے تو آپ کو ایک اضافی زرِتعاون جو اس پلان کے تحت منتخب کیا گیا ہو یک مشت ادا کیا جائے گا۔ اس حوالے سے مکمل مستقل معذوری کے معنی ہیں کسی بھی ایسے پیشے کے لئے نا اہل ہو جانا جس کے لئے آپ تعلیم و تربیت یا تجربے کے اعتبار سے اہل ہوں۔

### تکافل فیملی انکم بینیفٹ :

وفات کی صورت میں قابل ادائیگی یک مشت رقم کے علاوہ، آپ کے زیرِ کفالت افراد کو ایک مناسب معیارِ زندگی برقرار رکھنے کیلئے ایک مستقل ماہانہ آمدنی کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ یہ اضافی فائدہ پلان کی بقایا مدّت کے لئے قابل ادائیگی بنیادی زرِتحفظ کی 1 فیصد یا 2 فیصد ماہانہ آمدنی فراہم کرے گا اس شرط کے ساتھ کہ اس فائدے کی حد سے حد عمر 70 سال تک ہے۔

### تکافل کنٹری بیوشن کے ویور کا بینیفٹ :

اگر آپ کسی بھی بیماری یا حادثے کے باعث کم از کم چھ ماہ تک کوئی بھی پیشہ اختیار نہ کر سکتے ہوں تو منصوبے میں اگلی واجب الوصول تاریخ سے موجودہ کنٹری بیوشن مکمل طور پر ای ایف یو حمایہ تکافل کی طرف سے ادا کیا جائے گا۔ یہ فائدہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک آپ کام کرنے کے اہل نہ ہو جائیں یا 60 سال کے ہو جائیں۔ ان دونوں حالتوں میں جو بھی پہلے عمل میں آئے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خواہ آپ کی صحت اچھی رہتی ہے یا نہیں، آپ کی مالیاتی منصوبہ بندی جاری رہے گی۔

***نوٹ: ایک وقت میں ایک ہی حادثاتی وفات کا رائڈر منتخب کیا جا سکتا ہے۔**

## بچتوں تک آپ کی رسائی۔ مکمل اور جزوی دستبرداری :

مستقبل کے بارے میں کوئی پیشین گوئی نہیں کر سکتا۔ اگر آپ کے حالات بدل جاتے ہیں اور آپ کو رکنیت کی مدت کے دوران فنڈز کی ضرورت پڑ جائے تو آپ دوسرے سال کے باقاعدہ کنٹری بیوشن کی ادائیگی کے بعد کسی بھی وقت پی آئی اے (شرکت کنندہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ) میں موجود کُل نقد رقم کے لئے اپنا پلان بھنوا سکتے ہیں۔ وِنڈو تکافل آپریٹر ایک اور وکالۃ الاستثمار فیس وصول کرے گا جو دو مکمل سالوں کے کنٹری بیوشن کی ادائیگی سے قبل دستبرداری کے وقت نقد مالیت کے 50 فیصد کے مساوی ہو گی۔

بہ صورت دیگر، اگر آپ اپنے سرمائے میں سے جس میں اضافہ ہو گیا ہو، ایک مختصر حصہ لینا چاہتے ہوں، تو پلان آپ کو کنٹری بیوشنز کی ادئیگی جاری اور پلان کو نافذ العمل رکھتے ہوئے کسی بھی وقت جزوی دستبرداری کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ براہِ مہربانی نوٹ کر لیں کہ یہ سہولت ایسی کسی دستبرداریوں کے بعد پلان میں بنیادی نقد رقم، کم از کم 30,000 روپے موجود ہونے سے مشروط ہے۔

## ضروری تفصیلات :

### بنیادی پلان کی اہلیت:

**عمر:** شریکِ تکافل کے اندراج کے وقت کم از کم عمر اگلی سالگرہ پر 18 سال ہے اور زیادہ سے زیادہ 55 سال ہے۔

**مدّت:** پلان کی مدّت 10 سے 25 سال ہے جو پلان کے اختتام پر زیادہ سے زیادہ 65 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

**ریگولر کنٹری بیوشن کی حد:** بنیادی پلان کیلئے کم از کم باقاعدہ کنٹری بیوشن 30,000 روپے سالانہ ہے۔

### یونٹ ایلوکیشن:

سرمائے کا مختص کئے جانے والے بنیادی پلان کے باقاعدہ کنٹری بیوشن کا تناسب درج ذیل ہے:

| پالیسی سال | یونٹ ایلوکیشن فیصد | ایلوکیشن کی فیس* |
|---|---|---|
| 1 | 40% | 60% |
| 2 | 65% | 35% |
| 3 | 90% | 10% |
| 4 سے 5 | 100% | 0% |
| 6 سے 10 | 103% | 0% |
| 11 اور اس سے زائد | 105% | 0% |

فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کا 100 فیصد یونٹس کی خریداری کے لیے مختص ہو گا۔

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کیئے گئے کنٹر یبوشن / زرِ تکافل میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی۔

## اخراجات :

تکافل نساء سیونگز پلس پلان پر درج ذیل اخراجات لاگو ہوں گے جو وکالۃ الاستثمار کی بنیاد پر ہیں:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 150روپے ماہانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| ایلوکیشن چارج | اوپر دیئے گے ایلوکیشن ٹیبل کے مطابق |
| تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن) | شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائیگی۔ البتہ جب کیش ویلو سم کورڈ (زرِ تحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔ |

**وکالہ چارجز: تکافل ڈونیشن کا 50 فیصد**

## زرِ تحفظ :

وفات کی صورت میں یہ ضمانت شدہ قابل ادائیگی رقم ہے۔ زرِ تحفظ اندراج کے وقت عمر پر منحصر رینج سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔ زرِ تحفظ کا تعیّن بنیادی سالانہ کنٹری بیوشن "پروٹیکشن ملٹیپل" سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے جو درج ذیل ٹیبل سے منتخب کیا جاسکتا ہے:

*پارٹیسپنٹ کو پروٹیکشن ملٹیپل کی رینج انداج کے وقت شریک تکافل کی عمر اور باقاعدہ کنٹر یبوشن کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے

| عملی عمر | *پروٹیکشن ملٹیپل<br>کم از کم | <br>زیادہ سے زیادہ |
|---|---|---|
| 18-35 | 5 | 90 |
| 36-40 | 5 | 70 |
| 41-45 | 5 | 50 |
| 46-49 | 5 | 35 |
| 50-55 | 5 | (70-عمر) |

## انتباہ :

- یہ کتابچہ "تکافل نساء سیونگز پلس پلان" کا ایک عمومی خاکہ پیش کرتا ہے۔
- یہ پروڈکٹ ای ایف یولائف۔ونڈو تکافل آپریشنز کے زیرِ تحریر ہے، تاہم ای ایف یولائف تمام زیرِتحریر خطرات کی ذمہ دار ہے۔
- تکافل پالیسیز سے متعلق تمام دعووں، چارجز اور ادائیگیوں کی ترتیبات کی ذمہ داری صرف اور صرف ای ایف یولائف۔ WTO پر لاگو ہوگی۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارردگی مستقبل میں کارکردگی کی ضمانت ہو۔اس حوالے سے کوئی بھی پیش گوئی ضروری نہیں کہ مستقبل میں فنڈز کی کارکردگی کو ظاہر کرے اور ای ایف یولائف۔ WTO ایسی کسی بھی ذمہ داری سے بری الذمہ ہے۔
- منتخب فنڈ میں سرمایہ کاری کا خطرہ شریکِ تکافل کو برداشت کرنا ہوگا۔
- یہ معاہدہ کس طور کام کرتا ہے اس کی وضاحت پارٹیسپنٹ کے ممبر شپ دستاویزات میں کی گئی ہے۔
- براہ مہربانی فوائد کی ایک شخصی تشریح کیلئے ہمارے ہیڈ آفس یا تکافل کنسلٹنٹ سے رابطہ کیجئے۔

LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ای ایف یو لائف حمایہ تکافل نساء سیونگز پلس پلان کی شرعی حیثیت

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ حمایہ تکافل نساء سیونگز پلس پلان وقف اور وکالت کے اصول پر مبنی ہے۔

نیز میں نے مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات، عملی تطبیق اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری کا بغور جائزہ لیا ہے اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے، لہذا میری رائے میں ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے پیش کردہ حمایہ تکافل نساء سیونگز پلس پلان کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ

شرعی مشیر۔ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز

مُفتی
مُحمد اِبراھِیم عیسٰی
شرِیعہ ایڈوائِزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

تاریخ: ۵۲ مارچ ۲۲۰۲

**ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔**
ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر۔112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، فیز 1، DHA، کراچی، پاکستان
فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efuhemayahtakaful.com